# نماز غفیلہ

<"xml encoding="UTF-8?>

نماز غفیلہ

مسئلہ 1845: مستحبی نمازوں میں سے نماز غفیلہ ہے جو مغرب اور عشا کے درمیان پڑھی جاتی ہے لیکن خود یہ نماز روزانہ کی نافلہ میں شمار نہیں ہوتی، گرچہ اسے نافلۂ مغرب کے عنوان سے انجام دیا جا سکتا ہے اس طرح کہ انسان دونوں نماز کی ایک ساتھ نیت کرے اور نماز غفیلہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے :

پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورہ کی جگہ پر یہ آیت پڑھے:"وَ ذَا النّوْنِ اِذْ ذَهَبَ مُغاضِباً فَظَنَّ اَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيهِ فَنادىٰ فِى الظُّلُماتِ اَنْ لا اِلهَ إلّا اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّى كُنْتُ مِنَ الظّالِمينَ فَاسْتَجَبْنا لَهُ وَنَجَّيناهُ مِنَ الغَمِّ وَكَذلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِينَ"

پھردوسری رکعت میں حمد کے بعد سورہ کی جگہ پر یہ آیت پڑھے: "وَعِنْدَهُ مَفاتِحُ الغَيْبِ لا يَعْلَمُها إلّا هُوَ وَيَعْلَمُ ما فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَما تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إلّا يعْلَمُها وَلا حَبَّةٍ فى ظُلُماتِ الْأَرْضِ وَلا رَطْبٍ وَلا يابِسٍ إلّا فى كِتابٍ مُبينٍ"

پھر قنوت میں پڑھے: "اللّهُمَّ اِنّى اَسْأَلُكَ بِمَفاتِحِ الغَيْبِ الَّتى لا يعْلَمُها إلّا اَنْتَ اَنْ تُصَلّىَ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَفْعَلَ بى كَذا وَكَذا " اور کلمہ کذا و کذا کی جگہ اپنی حاجتوں کو خداوند متعال سے طلب کرے اور پھر کہے: " اللّهُمَّ اَنْتَ وَلِىُّ نِعْمَتى وَالقادِرُ عَلى طَلِبَتى تَعْلَمُ حاجَتى فَاَسْأَلُكَ بِحَقّ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلامُ لَمّا قَضَيْتَها لى"